Alberta

نیوز ریلیز

کرایہ ادا کرنے میں مزید البرٹنز کی مدد کرنا

05 اگست، 2022ء

کرائے میں عارضی امداد البرٹا بھر کی 80 سے زائد کمیونٹیز تک وسیع ہو رہی ہے۔

عارضی کرایہ میں امداد کا بینیفٹ ابتدائی طور پر البرٹا کے سات بڑے مراکز میں شروع کیا گیا تھا۔ بینیفٹ کو ارد گرد کی کمیونٹیز جیسے کہ ایئرڈری، فورٹ میکلاؤڈ، راکی ماؤنٹین ہاؤس اور کونکلِن تک پھیلانے سے، مزید البرٹنز کو اپنا کرایہ ادا کرنے میں مدد ملے گی۔

" کرایہ کی امداد کا بہترین استعمال کرنا مضبوط بنیادوں کا ایک اہم جز ہے: البرٹا کی 10 سالہ سستی رہائش کی حکمت عملی۔ 80 سے زائد کمیونٹیوں تک عارضی کرائے کی امداد کے بینیفٹ کو وسعت دینے سے، ضرورت مند البرٹنز کو مزید مدد دستیاب ہے جو افراط زر کے دوران زندگی کو مزید ارزاں بنانے میں مدد دیتی ہے۔"

جوزفین پون (Josephine Pon)، سینئرز اور ہاؤسنگ کی وزیر

" ہمارے زراعت، خوراک اور جنگلات کے شعبے زیادہ تر دیہی کمیونٹیوں پر مبنی ہیں، اور ہم البرٹا کی معاشی بحالی میں مدد کے لئے صوبے کے ان علاقوں کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ عارضی کرایہ کی امداد کا بینیفٹ ان اقدامات کی فہرست میں شامل کر دیا جائے گا جو ہم دیہی البرٹنز کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لئے کر رہے ہیں۔ کرائے کی یہ امداد مہنگائی کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے ساتھ جدوجہد کرنے والے خاندانوں اور کمیونٹیز کے لئے ریلیف فراہم کرے گی اور دیہی البرٹا میں پائیدار ترقی کو فروغ دے گی۔"

نیٹ ہارنر (Nate Horner)، وزیر زراعت، جنگلات اور دیہی اقتصادی ترقی

"عارضی کرائے کی مدد کے بینیفٹ کی نئی اعلان کردہ توسیع کے ساتھ، لیتھ برج ہاؤسنگ اتھارٹی اب جنوب مغربی البرٹا میں 30 سے زائد کمیونٹیوں کی خدمت کرنے کے قابل ہے۔ ہم کرائے کی امداد میں حکومت کی سرمایہ کاری کے لئے شکر گزار ہیں اور دیہی البرٹنز کی خدمت کے منتظر ہیں۔"

رابن جیمز (Robin James)، سی اے او، لیتھ برج ہاؤسنگ اتھارٹی

" صوبے بھر میں بہت سے کمزور خاندانوں کے لئے رہائش کے آپشنز کو یقینی بنانے کیلئے بینیفٹ کو بڑھانا اہم ہے۔ ایک علاقائی ہاؤسنگ مینجمینٹ باڈی کے طور پر، ہمارے لئے بہت سے ممکنہ کلائنٹس کو قبول نہ کرنا ایک حقیقی چیلنج رہا ہے جو اہل تھے لیکن شہر کی حدود سے باہر تھے۔ اب ہمارے پاس ملازمتیں تلاش کرنے والے خاندانوں اور افراد کو انتہائی ضروری مدد فراہم کرنے یا ان مشکل اوقات کے دوران مشکل سے گزر بسر کرنے والوں کی مدد کرنے کا موقع ہے۔"

فرینکلن کٹواڈو (Franklin Kutuadu)، سی اے او، ریڈ ڈیئر ہاؤسنگ اتھارٹی

عارضی کرایہ کی امداد کا بینیفٹ کم آمدنی والے کام کرنے والے گھرانوں یا ملازمتیں تلاش کرنے والوں کیلئے اعانت فراہم کرتا ہے۔ کرایہ داروں کو اپنا کرایہ ادا کرنے میں مدد کیلئے دو سالوں تک سپورٹ دستیاب ہے جب کہ وہ اپنی صورتحال کو مستحکم یا بہتر بنا رہے ہوں۔

بینیفٹ پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر فراہم کیا جاتا ہے اور اہل کرایہ داروں کو براہِ راست ادا کیا جاتا ہے۔ بینیفٹ کی رقم کا تعین گھرانے کے سائز اور مقام کے لحاظ سے کیا جاتا ہے، اور کم از کم 100 ڈالر فی مہینہ ہے۔

گھروالے اہل ہو سکتے ہیں اگر ان کی آمدنی مقامی آمدنی کی حد سے کم ہے، اس وقت ملازم ہیں یا پچھلے 24 مہینوں سے ملازمت کر رہے ہیں اور سوشل اسسٹینس حاصل نہیں کر رہے۔

البرٹنز alberta.ca/RentAssistance پر مزید جان سکتے ہیں یا چیک کر سکتے ہیں کہ آیا وہ آن لائن اہل ہیں۔

فوری حقائق

- بجٹ 2022ء نے 2022ء-23ء کیلئے عارضی کرایہ کے امدادی بینیفٹ کی خاطر 7.2 ملین ڈالر کا عزم کیا ہے۔
- مارچ 2021ء میں، حکومت نے مزید گھرانوں کی مدد کرنے اور وفاقی فنڈنگ سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کیلئے رینٹ سپلیمینٹ پروگرام کو دوبارہ ڈیزائن کیا۔ اس میں عارضی کرایہ امدادی بینیفٹ کا آغاز بھی شامل تھا۔
- البرٹا کا دوبارہ ڈیزائن کردہ رینٹ سپلیمینٹ پروگرام، جس میں عارضی امداد کا بینیفٹ شامل ہے، تقریباً 11,600 گھرانوں کی خدمت کرتا ہے، جو کہ اصل پروگرام کے تحت پیش کئے گئے 3,800 سے زیادہ ہے۔
- مقامی ہاؤسنگ فراہم کنندگان حکومتِ البرٹا کی جانب سے اس عارضی بینیفٹ کا انتظام کرتے ہیں:
  - کیلگری ہاؤسنگ کمپنی
  - سیویڈا (ایڈمنٹن)
  - گرانڈے اسپرٹ فاؤنڈیشن
  - لیتھ برج ہاؤسنگ اتھارٹی
  - میڈیسن ہَیٹ کمیونٹی ہاؤسنگ سوسائٹی
  - ریڈ ڈیئر ہاؤسنگ اتھارٹی
  - وُڈ بفلو ہاؤسنگ اینڈ ڈویلپمینٹ کارپوریشن
- موجودہ کرائے کی مارکیٹ کی گنجائش کو بہتر طریقے سے استعمال کرنے کے لئے کرائے کے سپلیمنٹس کے استعمال کو بڑھانا البرٹا کی مضبوط بنیادوں والی سستی رہائشوں کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔

متعلقہ معلومات

- سستی رہائشیں اور کرایہ کی امداد
- مضبوط بنیادیں سستی رہائشوں کی حکمت عملی
- رہائش تلاش کریں

میڈیا انکوائریز

ڈیلن ٹوپل (Dylan Topal)

780-886-2912
پریس سیکریٹری، سینئرز اور ہاؤسنگ

ALBERTA'S RECOVERY PLAN

Alberta's Recovery Plan is a plan to breathe new life into Alberta's economy and create new opportunities for every Albertan. It's a plan to build, to diversify, and to create jobs.